رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2015-2017 اور 2016-2018)

اردو (لازمی) | 018 - (دہم کلاس) | وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) | PAPER CODE = 7027 | کل نمبر : 15

(پہلا گروپ)

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | کُو کُو گرامر کی رُو سے ہے : | (A) اسم ظرف | (B) اسم مصدر | (C) اسم آلہ | (D) اسم صوت |
| 2 | سبق نظریہ پاکستان کے مصنف کا نام کیا ہے : | (A) ڈاکٹر سید عبداللہ | (B) سرسید احمد خان | (C) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ | (D) جمیل الدین عالی |
| 3 | پرستان میں پودے پھل دار بڑے تھے : | (A) بالشت بھر | (B) چھے فٹ | (C) ایک ایک فٹ | (D) گز بھر |
| 4 | محبوب کے سادگی سے ملنے کا شاعر پر کیا اثر ہوتا ہے : | (A) نشہ سا چھا جاتا ہے | (B) محبوب کے ستم بھول جاتا ہے | (C) ہر غم بھول جاتا ہے | (D) خوشی سے پھولا نہیں سماتا |
| 5 | نظامِ آسمانی اور بہارِ جاودانی میں کون سی بات مشترک ہے : | (A) ردیف ایک ہے | (B) قافیہ ایک ہے | (C) معنی ایک ہے | (D) نظام ایک ہے |
| 6 | تلفظ درست ہے : | (A) عَقْل | (B) عِقَل | (C) عَقِل | (D) عُقَل |
| 7 | مصنف نے کس دوست کو بھڑ بھڑیا دوست کہا ہے : | (A) محمد تحسین | (B) احمد مرزا | (C) قرض خواہ دوست | (D) مقدے باز دوست |
| 8 | گدلا پانی پودوں کے لیے تھا : | (A) بے سود | (B) مفید | (C) آب حیات | (D) ضرر رساں |
| 9 | تلفظ درست ہے : | (A) تِلَاوُت | (B) تَلَاوِت | (C) تِلَاوَت | (D) تِلَاوَت |
| 10 | بندوق گرامر کی رُو سے ہے : | (A) اسم آلہ | (B) اسم مصدر | (C) اسم صوت | (D) اسم مکبر |
| 11 | جب لڑکی ریلوے سٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں کتنی دیر تھی : | (A) پندرہ منٹ | (B) آدھا گھنٹا | (C) چند منٹ | (D) ایک گھنٹا |
| 12 | مرزا محمد سعید کی عزیزداری کس شخصیت سے تھی : | (A) شاہد احمد دہلوی | (B) نذیر احمد دہلوی | (C) شیخ عبدالقادر | (D) سرسید احمد خان |
| 13 | مسجد سلیمانیہ کے ساتھ کتب خانے میں کتنے قلمی نسخے ہیں : | (A) ایک لاکھ | (B) تیس ہزار | (C) ڈیڑھ لاکھ | (D) پچاس ہزار |
| 14 | سب محنت کش : | (A) کام میں لگ گئے | (B) متحد ہوگئے | (C) تعمیرِ وطن پہ لگ گئے | (D) گلے ملے |
| 15 | "شاہ سوار" گرامر کی رُو سے ہے : | (A) اسم ظرف | (B) اسم مصغر | (C) اسم مکبر | (D) اسم صوت |

201-018-I-(Objective Type)-32500 (7027) LWR-10-1-18

ParhloPakistan.com

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2015-2017 اور 2016-2018)

اردو (لازمی) — 018 - ( دہم کلاس ) — وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) — ( پہلا گروپ ) — کل نمبر : 60

( حصہ اوّل )

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ) : 10

( حصہ نظم )

(i) اُسی نے ایک حرف کُن سے پیدا کر دیا عالم — کشاکش کی صدائے ہاؤ ہُو سے بھر دیا عالم

(ii) پانی تھا آگ ' گرمی روزِ حساب تھی — ماہی جو سیخِ موج تک آئی ' کباب تھی

(iii) یہ کسان اور اک قوی انسان ' یعنی کاشت کار — ارتقاء کا پیشوا ' تہذیب کا پروردگار

(iv) اس کی چھاتی پر کئی تانگے اُلٹ کر رہ گئے — سیکڑوں گھوڑوں کا اس پر ہو چکا ہے انتقال

( حصہ غزل )

(v) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے — تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

(vi) مِل کے بھی جو کبھی نہیں مِلتا — ٹوٹ کر دل ' اُسی سے مِلتا ہے

(vii) ایک مُدّت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں — اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ' ایسا بھی نہیں

( حصہ دوم )

3۔ درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5

(الف) یہ سوچ کر اُس کا دل بیٹھنے لگا اور وہ خاموشی سے نیم تاریک سی کالی کلوٹی سڑک کی طرف دیکھنے لگی ' جس پر اِکا دُکا چرخ چوں کرتے ہوئے یکّے کی میلی چمنیوں والی بتیوں سے ایک کثیف سی روشنی نکل کر سڑک پر رینگ رہی تھی۔ اس کا خیال فوراً ہی اپنی موجودہ حالت کی طرف دوڑ گیا۔

( ورق الٹیے )

10-1-18

ParhloPakistan.com